حضرت مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ صاحب مدظلہ کو صدمہ

ایصالِ ثواب کی درخواست

ماہنامہ بینات کے مدیر معاون اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی کے امیر حضرت مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ صاحب مدظلہ کی والدہ محترمہ ۲۵/رجب المرجب ۱۴۳۹ھ مطابق ۱۲/اپریل ۲۰۱۸ء بروز جمعرات کولودھراں شہر میں انتقال کرگئیں۔ **إنا للّٰہ وإنا إلیہ راجعون، إن للّٰہ ما أخذ ولہٗ ما أعطٰی وکل شیء عندہٗ بأجل مسمّٰی، اللّٰھم اغفر لھا وارحمھا وعافھا واعف عنھا وأکرم نزلھا ووسع مدخلھا وأدخلھا جناتک جنات النعیم یا رب العالمین! وألھم ذویہ الصبر والسلوان۔**

ماہنامہ ’’بینات‘‘ کے باتوفیق قارئین سے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت ورفعِ درجات اور ایصالِ ثواب کی درخواست ہے۔